سوال

(382)شیطانی وساوس سے بچنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نماز میں شیطانی وسوسوں سے کس طرح محفوظ رہ سکتا ہوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب نماز میں شیطان وسوسہ ڈالے توان خیالات کے پیچھے نہ لگ جائیں (خود بھی وہ باتیں سوچنا شروع نہ کردیں) بلکہ اس سے اپنی توجہ ہٹا کر قرآن مجید ش کی آیات پر غور کرنا شروع کردیں۔ اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال کا احساس کریں' رکوع' سجدہ اور تشہد میں تکبیر' تحمید اور تسبیحات کہتے وقت اور نماز کی دوسری دعائیں پڑھتے ہوئے اور نماز کے افعال ادا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی عظمت کا احساس کریں۔ اس کے علاوہ (جب وسوسہ آئے تو) تین بار أعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر بائیں طرف تھوکیں (یعنی تھو تھو کریں)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ